سبق – 16

نئی کہانی

ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی
ایک تھا راجا، ایک تھی رانی

نئی کہانی ہمیں سُناؤ
امّی! ہمارا جی بہلاؤ

ہم نہ سُنیں گے شیر کا قِصّہ
آجاتا ہے ہم کو غُصّہ

ہم تو سُنیں گے قِصّہ ایسا
ایک ہو بچّہ اپنے جیسا

پار کرے وہ سات سمندر　　سَیر کرے آکاش پہ جاکر

بادل میں وہ جھوُلا جھوُلے　　چاند ستاروں کو بھی چھوُلے

امّی! میری اچھّی امّی

کہہ دو آج کہانی ایسی

(سیّدہ فرحتؔ)

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

قصّہ :	کہانی
آکاش :	آسمان

ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. بچّہ کیسی کہانی سننا چاہتا ہے؟

2. بچّہ نئی کہانی کس سے سننا چاہتا ہے؟

3. بچّے کو غصّہ کس بات پر آتا ہے؟

4. بچّہ کہاں کی سَیر کرنا چاہتا ہے؟

5. بچّہ کن چیزوں کو چھُونا چاہتا ہے؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

قصّہ　کہانی　اچھّی　بچّہ　جھوُلا

1. نئی ______ ہمیں سناؤ

2. ہم نہ سنیں گے شیر کا ______

3. ایک ہو ______ اپنے جیسا

4. بادل میں وہ ______ جھوُلے

5. امّی! میری ________ امّی

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے صحیح حرف پر تشدید لگا کر لکھیے۔

امی = ______

قصہ = ______

غصہ = ________

بچہ = ________

اچھی = ________

نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

الف	ب
ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی	سَیر کرے آکاش پہ جا کر
ہم نہ سُنیں گے شیر کا قصّہ	چاند ستاروں کو بھی چھو لے
پار کرے وہ سات سمندر	کہہ دو آج کہانی ایسی
بادل میں وہ جھوُلا جھوُلے	ایک تھا راجا ایک تھی رانی
امّی! میری اچھّی امّی	آجاتا ہے ہم کو غُصّہ

مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

مثال : بچّہ = بچّوں

قصّہ = ________

پرندہ = ________

ستارہ = ________

ہفتہ = ________

حصّہ = ________

نظم دیکھ کر دوسری لائن لکھیے۔

1.
ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی ________

2. ________ آجاتا ہے ہم کو غُصّہ

3. پار کرے وہ سات سمندر ________

4. ________ چاند ستاروں کو بھی چھوُلے

5. امّی! میری اچھّی امّی ________

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔

____

____

____

خوش خط لکھیے۔

کہانی				
بہلانا				
آکاش				
سمندر				
جھُولا				

اس نظم کو یاد کیجیے۔